NHS inform
Health information you can trust

# آپ کی مقامی فارمیسی میں NHS کی کرونک میڈیکیشن سروس




طویل مدتی عارضہ میں مبتلا
لوگوں کے لئے ایک سروس


The Scottish Government
Riaghaltas na h-Alba

# آپ کی مقامی فارمیسی میں NHS کی
# کرونک میڈیکیشن سروس

## – طویل مدتی عارضہ میں مبتلا لوگوں کے لئے ایک سروس

- کرونک میڈیکیشن سروس [دیرینہ مرض کے علاج کی خدمت (CMS)] طویل مدتی عارضہ میں مبتلا مریضوں کے لئے NHS کی ایک سروس ہے- یہ پورے اسکاٹ لینڈ کی فارمیسز میں دستیاب ہے-

> طویل مدتی عارضہ صحت کی وہ دشواری ہے جس کے ایک سال سے زیادہ عرصے تک باقی رہنے کا امکان ہوتا ہے اور اس کے لئے مسلسل طبی نگہداشت درکار ہوتی ہے، جیسے بیش فشار خون یا ذیابیطس-

- یہ کتابچہ ہر اس شخص کے لئے ہے جس کو طویل مدتی عارضہ لاحق ہے-

  یہ آپ کو بتاتا ہے کہ:
  - یہ سروس کیا ہے
  - آپ سروس کے لئے کس طرح اندراج کروا سکتے ہیں
  - سروس کے لئے آپ کا اندراج ہوجانے پر کیا ہوتا ہے-
- یہ سروس رضاکارانہ ہے- اگر آپ کو طویل مدتی عارضہ لاحق ہے تو، یہ انتخاب کرسکتے ہیں کہ آیا آپ اس کے لئے اندراج کروانا چاہتے ہیں-

## یہ سروس میرے لئے کیا کرے گی؟

- آپ اپنی کیفیت کے لئے جو دوائیں لیتے ہیں ان کا نظم کرنے میں یہ سروس آپ کی مدد کرے گی-
- آپ کا فارماسسٹ ادویات کے معاملے میں ماہر ہے اور آپ کو ان سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھانے میں آپ کی مدد کرنے کے لئے وہ باقاعدگی سے آپ سے بات کریں گے-

- آپ فارماسسٹ سے بات کرتے وقت، اپنی دواؤں کے بارے میں خود کو درپیش کسی تشویشات پر گفتگو کرسکیں گے۔
- آپ کا ڈاکٹر آپ کو طبی نگہداشت فراہم کرتا رہے گا۔
- سروس کے تین حصے ہیں:
  - **دواؤں کے آپ کے استعمال کا جائزہ لینا:** اگر آپ سروس کے لئے اندراج کرواتے ہیں تو، آپ کافارماسسٹ یہ دیکھے گا کہ آپ اپنی دوائیں کس طرح استعمال کرتے ہیں۔ اس کے بعد وہ آپ کی دواؤں کے ضمن میں آپ کو درپیش کسی مسائل پر اور اس ضمن میں آپ سے گفتگو کریں گے کہ آیا آپ کو CMS کا نگہداشت کا منصوبہ درکار ہے۔
  - **CMS کا منصوبہ نگہداشت:** یہ منصوبہ آپ کی دواؤں کے بارے میں آپ کو مزید مستقل نگہداشت اور مشورہ فراہم کرنے میں آپ کے فارماسسٹ کی مدد کرتا ہے۔ وہ آپ کے منصوبہ نگہداشت کی ایک کاپی آپ کو دیں گے اور اس بارے میں آپ کے ڈاکٹر سے بھی بات کرسکتے ہیں۔
  - **سلسلہ وار نسخے:** آپ اپنے ڈاکٹر سے سلسلہ وار نسخے بھی حاصل کرسکیں گے تاکہ آپ کچھ دوائیں طویل مدتی، مکرر نسخوں کے لحاظ سے حاصل کرسکیں۔ یہ حسب معمول اعادی نسخہ حاصل کرنے سے مختلف ہے۔ سلسلہ وار نسخوں کے بارے میں مزید کے لئے صفحہ 8 دیکھیں۔

- آپ اس سروس کے لئے اندراج کروا سکتے ہیں اگر:
  - آپ کو طویل مدتی عارضہ کا علاج کرنے کے لئے مستقل نسخے موصول ہوتے ہیں، اور
  - آپ اسکاٹ لینڈ میں کسی ڈاکٹر کی سرجری میں اندراج یافتہ ہیں۔
- آپ سروس کے لئے اندراج کروا سکتے ہیں اگر:
  - آپ اسکاٹ لینڈ کے عارضی مکین ہیں، یا
  - آپ کا اصل یا معمول کا گھر کیئر ہوم (نگہداشت خانہ) ہے۔

## سروس کا استعمال کرنا

### میں سروس کے لئے کیسے اندراج کراؤں؟

- اگر آپ سروس کے لئے اندراج کروانے کا فیصلہ کرتے ہیں تو، آپ کو ایک فارمیسی کا انتخاب کرنا ہوگا جہاں آپ یہ کام کرنا چاہیں گے۔
- آپ عام طور پر اپنی دواؤں کے لئے جس فارمیسی میں جاتے ہیں اسی کے پاس اندراج کروانا اچھا خیال کیا جاتا ہے کیونکہ آپ کے فارماسسٹ کو معلوم ہوگا کہ آپ کون سی دوائیں لیتے ہیں۔
- آپ کسی بھی وقت اندراج کروا سکتے ہیں - آپ کو ملاقات کا ایک وقت طے کرنا ہوگا۔
- کبھی کبھی، آپ کا ڈاکٹر آپ کو اس سروس کے لئے اندراج کروانے کا مشورہ دے سکتا ہے۔
- آپ کے اندراج کروانے پر، آپ کا فارماسسٹ آپ سے کچھ معلومات، بشمول آپ کا نام، پتہ اور تاریخ پیدائش پوچھے گا۔
- آپ کو ایک رجسٹریشن فارم پُر کرنا ہوگا۔ رجسٹریشن فارم میں پوچھا جائے گا کہ آیا:
  - آپ اپنے ڈاکٹر اور فارماسسٹ کے لئے اپنی دواؤں کے بارے میں کچھ معلومات کا اشتراک کرنے سے اتفاق کرتے ہیں
  - آپ سروس کے لئے اندراج کروانا چاہتے ہیں، اور
  - آپ اسکاٹ لینڈ میں کسی ڈاکٹر کی سرجری میں اندراج یافتہ ہیں اور طویل مدتی عارضہ لاحق ہے۔
- NHS کے ساتھ یا اس کے لئے کام کرنے والے سبھی عملہ پر آپ سے متعلق معلومات کو خفیہ رکھنے کا قانونی فریضہ عائد ہے۔
- آپ کو مکمل کردہ فارم پر دستخط کرنا اور اس پر تاریخ بھی درج کرنا ہوگا۔
- آپ کا فارماسسٹ آپ کے ڈاکٹر کو بتائے گا کہ آپ ان کی فارمیسی میں سروس کے لئے اندراج یافتہ ہیں۔

**میں سروس کے لئے فارمیسی میں پہلے سے ہی اندراج یافتہ ہوں لیکن میں کسی مختلف فارمیسی میں اندراج کروانا چاہتا ہوں- کیا میں یہ کام کرسکتا ہوں؟**

- ہاں، لیکن آپ سروس کے لئے ایک وقت میں صرف ایک فارمیسی میں اندراج کروا سکتے ہیں-
- نئی فارمیسی میں آپ کے اندراج کروانے پر، آپ پرانی فارمیسی میں مزید اندراج یافتہ نہیں رہیں گے-

**میں سروس کا مزید استعمال کرنا نہیں چاہتا ہوں- کیا میں اپنا رجسٹریشن منسوخ کرسکتا ہوں؟**

- ہاں، آپ کسی بھی وقت سروس سے دستبردار ہوسکتے ہیں-
- آپ کو اپنے فارماسسٹ سے بتانا چاہیے کہ آپ دستبردار ہونا چاہتے ہیں- وہ آپ سے ایک دستبرداری فارم پر دستخط کرنے کو کہیں گے-
- آپ کا فارماسسٹ آپ کے ڈاکٹر کو بتائے گا کہ آپ سروس کے لئے ان کی فارمیسی میں مزید اندراج یافتہ نہیں ہیں-

**اگر آپ سروس کے لئے اندراج کرواتے ہیں تو بھی آپ باقاعدگی سے اپنے ڈاکٹر کو دیکھا سکیں گے-**

## دواؤں کے آپ کے استعمال کا جائزہ لینا

- سروس کے لئے آپ کے اندراج یافتہ ہونے پر، آپ کا فارماسسٹ اس امر پر نگاہ ڈالے گا کہ آپ اپنی دوائیں کس طرح استعمال کرتےہیں۔
- آپ کا فارماسسٹ ان دواؤں کے بارے میں جو آپ اپنی کیفیت کے لئے لیتے ہیں اور ان کے ساتھ آپ کو درپیش کسی دشواریوں کے بارے میں پوچھے گا۔
- آپ کا فارماسسٹ آپ کے اندراج کروانے کے وقت، آئندہ آپ کو اپنی کسی دوا کی ضرورت پڑنے کے وقت، یا آپ کے لئے مناسب کسی وقت پر یہ کام کرسکتا ہے۔
- اس کے بعد آپ کا فارماسسٹ یہ فیصلہ کرنے کے لئے آپ کے ساتھ کام کرے گا کہ آیا CMS کا منصوبہ نگہداشت آپ کی دواؤں میں آپ کی مدد کرسکے گا۔

## CMS کا منصوبہ نگہداشت

### CMS کا منصوبہ نگہداشت کیا ہے؟

- اگر آپ کے فارماسسٹ کے خیال میں CMS کے منصوبہ نگہداشت سے آپ کی دواؤں میں آپ کو مدد ملے گی تو، وہ:
  - آپ کی دواؤں سے آپ کو درپیش کسی دشواری کے بارے میں پوچھیں گے
  - آپ سے اس ضمن میں بات کریں گے کہ دشواریوں کے بارے میں آپ کیا کرنا چاہیں گے اور آپ دونوں کو کیا کرنا چاہیے، اور
  - آپ کے ساتھ مل کر منصوبہ نگہداشت کا جائزہ لیں گے اور اس کی تجدید کریں گے۔
- آپ کے CMS کے منصوبہ نگہداشت میں شامل ہوگا:
  - آپ کی دواؤں سے آپ کو درپیش ہوسکنے والی کسی دشواری کے بارے میں معلومات، مثلا ناگوار ضمنی اثرات، ٹیبلٹس نگلنے یا انہیں لینے کا وقت یاد رکھنے میں دشواری
  - آپ کی دشواری میں مدد کے لئے آپ کا فارماسسٹ کیا کرنا چاہے گا، مثلا اپنی دوائیں لینا آپ کے لئے آسان تر بنانا

- آپ کے فارماسسٹ اور آپ کے خیال میں دشواریوں میں مدد کے لئے آپ دونوں کو کیا کرنے کی ضرورت ہے اوریہ کام کسے کرنا چاہیے - مثلاً آپ کے ٹیبلٹس کو نگلنے میں آسان کیپسولز یا سیال سے بدلنے کے بارے میں آپ کے ڈاکٹر سے بات کرنا؛ اور
- دشواریاں جس وقت حل ہوئی ہیں ان کا ایک ریکارڈ یا اگر کوئی اور چیز پیش آتی ہے-

- آپ کا فارماسسٹ آپ کے ساتھ مل کر آپ کے CMS کے منصوبہ نگہداشت پر کام کرے گا- وہ منصوبہ نگہداشت کی کچھ معلومات کا اشتراک آپ کے ڈاکٹر کے ساتھ کرسکتے ہیں- آپ کا ڈاکٹر آپ کے ساتھ مل کر، آپ کی دواؤں میں کسی تبدیلی کے بارے میں فیصلہ کرے گا-
- CMS کے منصوبہ نگہداشت کمپیوٹر پر بحفاظت اور مامون طریقے سے سنبھال کر رکھے جاتے ہیں-
- صرف فارماسسٹ ہی آپ کے منصوبہ نگہداشت پر نظر ڈال سکتا ہے-
- آپ کا فارماسسٹ آپ کو آپ کے CMS کے منصوبہ نگہداشت کی ایک کاغذی کاپی دے گا-
- آپ کا فارماسسٹ آپ کو ان کے نام اور رابطے کی تفصیلات دے گا تاکہ اگر آپ کے کوئی سوالات ہوں یا اپنے منصوبہ نگہداشت کے بارے میں فکر لاحق ہو تو آپ ان سے رابطہ کرسکیں-

## میرے پاس CMS کا منصوبہ نگہداشت ہونے کی صورت میں کیا ہوتا ہے؟

- آپ کا فارماسسٹ آپ کے CMS کے منصوبہ نگہداشت کا باقاعدگی سے آپ کے ساتھ جائزہ لے گا-
- وہ نسخے والی کوئی دوا آپ کے لینے کے وقت عام طور پرآپ کے منصوبہ نگہداشت پر نگاہ ڈالیں گے-
- کبھی کبھی، آپ کافارماسسٹ آپ کے منصوبہ نگہداشت کے بارے میں آپ سے بات کرنے کو کہہ سکتا ہے-

- وہ ہمیشہ آپ سے تخلیہ میں بات کریں گے۔
- آپ کا فارماسسٹ آپ کے منصوبہ نگہداشت کو چیک کرکے یقینی بنائے گا کہ اس سے آپ کی دواؤں کے سلسلے میں آپ کو درپیش کسی دشواریوں کو حل کرنے میں مدد مل رہی ہے۔
- آپ کا فارماسسٹ آپ کی نگہداشت صحت کی ضرورتیں تبدیل ہوجانے پر آپ کے منصوبہ نگہداشت کی تجدید کرے گا۔ آپ کا ڈاکٹر کسی تبدیلیوں کا فیصلہ کرے گا۔
- CMS کے منصوبہ نگہداشت کے بارے میں مزید پتہ کرنے کے لئے، اپنے فارماسسٹ سے بات کریں۔

## سلسلہ وار نسخے

### سلسلہ وار نسخہ کیا ہے؟

- سلسلہ وار نسخہ آپ کی طویل مدتی عارضہ کا علاج کرنے کے لئے آپ کو درکار دواؤں کا نسخہ ہوتا ہے۔
- یہ معمول کے نسخے کی طرح نظر آتا ہے لیکن یہ 24 یا 56 ہفتوں کے لئے ہوتا ہے۔
- سلسلہ وار نسخے کے ساتھ، آپ براہ راست اس فارمیسی سے دوائیں حاصل کرسکتے ہیں جہاں آپ اندراج یافتہ ہیں۔ آپ کو ڈاکٹر کو دیکھانے کی ضرورت نہیں ہوتی ہے۔

- آپ سلسلہ وار نسخہ حاصل کرسکتے ہیں اگر
  - ڈاکٹر یہ فیصلہ کرتا ہے کہ یہ آپ کے لئے اور آپ کو درپیش کیفیت کے لئے صحیح قسم کا نسخہ ہے۔

- اگر آپ کا ڈاکٹر آپ کو سلسلہ وار نسخہ دیتا ہے تو، آپ کو اسے لے کر اس فارمیسی میں جانا چاہیے جہاں آپ سروس کے لئے اندراج یافتہ ہیں۔
- آپ کا ڈاکٹر یہ فیصلہ کرے گا کہ آپ کو اپنے سلسلہ وار نسخے پر درج دوائیں کتنی بار لینی چاہئیں، مثلاً ہر چار یا آٹھ ہفتے پر۔
- آپ کا فارماسسٹ آپ کا سلسلہ وار نسخہ فارمیسی میں رکھے گا۔ آپ کو اپنے نسخے کی ضرورت پڑنے پر انہیں اسے آپ کے لئے تیار رکھنا چاہیے، تاکہ آپ کو فارمیسی میں انتظار نہ کرنا پڑے۔
- اپنے سلسلہ وار نسخے سے دواؤں کی ضرورت پڑنے سے چند دنوں کے اندر آپ انہیں لے سکیں گے جیسا کہ آپ کو ابھی حاصل ہوتا ہے۔
- آپ اپنا نسخہ قبل از وقت یا معمول سے زیادہ بھی لے سکتے ہیں، مثلاً اس وجہ سے کہ آپ چھٹی پر جا رہے ہیں۔ اگر آپ کو ایسا کرنے کی ضرورت پڑتی ہے تو، آپ کو اپنے فارماسسٹ سے بتا دینا چاہیے تاکہ وہ آپ کو درکار چیزیں تیار کرسکیں۔
- جب بھی آپ اپنا نسخہ لیں گے، آپ کا فارماسسٹ آپ کے ڈاکٹر کو بتائے گا۔
- آپ کا ڈاکٹر آپ کا سلسلہ وار نسخہ بند کرسکتا ہے۔ اگر ایسا ہوتا ہے تو، آپ کا ڈاکٹر آپ کو اور آپ کے فارماسسٹ کو بتائے گا۔ آپ کا فارماسسٹ آپ کو ایسی دوائیں نہیں دے سکتا ہے جو آپ کے سلسلہ وار نسخے پر مزید درج نہیں ہیں۔
- 24 یا 56 ہفتے کے اختتام پر، آپ کا فارماسسٹ آپ سے سلسلہ وار نسخے والے فارم پر دستخط کرنے کو کہے گا۔
- اس کے بعد وہ آپ کے ڈاکٹر کو بتائیں گے کہ آپ کے سلسلہ وار نسخے پر کوئی دوا نہیں بچی ہے۔ آپ کا فارماسسٹ آپ کے ڈاکٹر سے نئے سلسلہ وار نسخے کی گزارش کرسکتا ہے، یا اپنے ڈاکٹر کی سرجری میں لے کر جانے کے لئے آپ کو دوبارہ آرڈر کا فارم دے سکتا ہے۔

- آپ کا ڈاکٹر ایک نیا سلسلہ وار نسخہ تیار کر سکتا ہے- ایسا کرنے سے پہلے، وہ آپ سے ملنے کی گزارش کرسکتے ہیں-

- آپ کا ڈاکٹر یہ فیصلہ کرسکتا ہے کہ آپ کی کچھ دوائیں سلسلہ وار نسخے کے لئے مناسب نہیں ہیں- مثلاً، آپ کو بس کبھی کبھار ان کی ضرورت پڑسکتی ہے - ہمہ وقت نہیں- ایسا ہونے پر، آپ کا ڈاکٹر معمول کے نسخے پر آپ کو وہ دیتا رہے گا-
- اگر آپ کا ڈاکٹر ایسے نسخے کے لئے آپ کو نسخہ دیتا ہے جو آپ کے سلسلہ وار نسخے پر نہیں ہے تو، آپ اسے کسی بھی فارمیسی سے لے سکتے ہیں-
- آپ کو اسی فارمیسی سے انہیں لینا ضروری نہیں ہے جس کے پاس آپ سروس کے لئے اندراج یافتہ ہیں-
- لیکن اگر آپ اپنے سبھی نسخے ایک ہی فارمیسی سے لے سکیں تو یہ چیز آپ اور آپ کے فارماسسٹ کے لئے معاون ہوگی-
- اگر آپ دوسرے ڈاکٹر کی سرجری میں چلے جاتے ہیں تو، آپ کو پرانی سرجری کو بتا دینا چاہیے تاکہ وہ آپ کا سلسلہ وار نسخہ منسوخ کرسکیں-

**چاہے آپ سلسلہ وار نسخے کے لئے اہل نہیں ہوں، مگر آپ سروس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں- آپ ابھی بھی سروس کے دوسرے حصے جیسے منصوبہ نگہداشت کا استعمال کرسکتے ہیں-**

## اگر میرے پاس سلسلہ وار نسخہ ہے تو کیا میں ابھی بھی ضرورت پڑنے پر اپنے ڈاکٹر کے پاس جاسکتا ہوں؟

- ہاں، آپ جب بھی چاہیں اپنے ڈاکٹر کو دیکھانے کے لئے ملاقات کا ایک وقت طے کرسکتے ہیں-
- آپ کا فارماسسٹ بھی آپ کو بتا سکتا ہے کہ آپ کو ڈاکٹر کو دیکھانے کی ضرورت ہے، مثلا اگر آپ کی کیفیت مزید بگڑ جاتی ہے-

## کیا میں سروس کے لئے اندراج یافتہ ہوجانے پر دوسری فارمیسیزمیں جاسکتا ہوں؟

- ہاں- آپ کو اسی فارمیسی میں جانا ہوگا جہاں آپ سروس کے لئے اندراج یافتہ ہیں- لیکن آپ دوائیں خریدنے یا دوسرے نسخے لینے کے لئے کسی بھی فارمیسی میں جاسکتے ہیں-

## فارمیسی سے مجھے جو سروس ملی ہے اس کے بارے میں اگرمیں ناخوش ہوں تو کیا ہوگا؟

- اگر آپ سے ہوسکے تو، سب سے پہلے اپنے فارماسسٹ سے بات کریں تاکہ وہ فوری طور پر آپ کی شکایت کا ازالہ کرنے کی کوشش کرسکیں-
- اگر آپ ایسا نہیں کرسکتے ہیں، یا اگر آپ نے اپنے فارماسسٹ سے پہلے ہی بات کی ہے اور ابھی بھی ناخوش ہیں تو، آپ شکایت درج کروا سکتے ہیں- **NHS کے بارے میں تاثرات پیش کرنا اور شکایت درج کروانا** نامی کتابچہ آپ کو یہ کام کرنے کا طریقہ وضاحت کے ساتھ بتاتا ہے- آپ یہ کتابچہ ان بیشتر مقامات سے جہاں آپ کو NHS کی نگہداشت حاصل ہوتی ہے، NHS انفارم ہیلپ لائن کو 0800 22 44 88 فون کرکے یا انٹرنیٹ پر (www.hris.org.uk) حاصل کرسکتے ہیں-

## مزید معلومات کیسے حاصل کریں

- اس کتابچے میں مذکور کسی بھی چیز کے بارے میں مزید معلومات کے لئے، رابطہ کریں:
  اپنی مقامی فارمیسی
- اپنے ڈاکٹر سے یا اپنی نگہداشت میں شامل NHS کے عملہ کے کسی ممبر سے
- NHS انفارم ہیلپ لائن سے 0800 22 44 88 پر (لینڈ لائن سے کی جانے والی کالیں مفت ہیں)، یا
- اپنے مقامی سٹیزنس اینڈ ایڈوائس بیورو میں پیشنٹ ایڈوائس اینڈ سپورٹ سروس (PASS) سے (اپنا قریب ترین بیورو www.cas.org.uk پر انٹرنیٹ پر یا اپنی مقامی فون کی کتاب میں تلاش کریں)-

یہ معلومات دوسری زبان یا فارمیٹ میں طلب کرنے کے لئے
ask@hris.org.uk پر ای میل کریں-

یہ معلومات اسکاٹش گورنمنٹ کی ویب سائٹ (www.scotland.gov.uk)
اور ہیلتھ رائٹس انفارمیشن اسکاٹ لینڈ کی ویب سائٹ (www.hris.org.uk)
پر دستیاب ہے-

تیار کردہ بذریعہ NHS انفارم

NHS inform
Health information you can trust

The Scottish Government

ورژن 2 نظرثانی کی تاریخ نومبر 2014 ستمبر 2013 میں دوبارہ پیش کردہ

ISBN: 978-1-78412-451-9 – URDU

APS گروپ اسکاٹ لینڈ
DPPAS14261 (09/13)